پہلا باضابطہ نوٹس

NYC sanitation

سامان لے جانے والے تھیلے سے متعلق نیا قانون

15 فروری 2017 سے، سامان لے جانے والے تھیلے سے متعلق قانون (کیری آؤٹ بیگ لاء) کے تحت آنے والے سبھی سٹورز لازمی طور پر اپنے گاہکوں سے سٹور کے ذریعہ فراہم کردہ ہر سامان لے جانے والے تھیلے کے لیے، کچھ استثناء کے ساتھ کم از کم پانچ سینٹس ($0.05) وصول کریں گے۔ گاہک کو جاری کیے جانے والے رسید پر یہ فیس واضح طور پر درج ہونی چاہیے اور ایسی صورت میں اسے وصول نہیں کیا جانا چاہیے اگر گاہک آپ کے سٹور سے خریدی گئی اشیاء کے لیے اپنا سامان لے جانے والا تھیلا لے کر آتے ہیں۔ اس کے تحت آنے والے ایسے سٹورز کو فی لین دین $250 کا جرمانہ ادا کرنا ہوگاجنہیں اس قانون کی خلاف ورزی کرتا ہوا پایا جائے گا۔ 15 فروری— 14 اگست 2017 کے انتباہی وقفے کے دوران خلاف ورزی کا نوٹس نہیں دیا جائے گا۔ مزید معلومات کے لیے، 311 پر رابطہ کریں یا on.nyc.gov/bag-fee-stores پر جائیں۔

کون سے سٹورز اس قانون کے تحت آتے ہیں؟

- خردہ اور تھوک فروش سٹورز بشمول، سبزیوں والی گاڑیاں، دوا کی دکانیں، فارمیسیز، کریانہ دکانیں، سہولتی سٹورز، کپڑوں کی دکانیں، ہارڈویئر کی دکانیں، دفتری اشیاء کی دکانیں، اور ان سٹورز میں واقع کھانوں سے متعلق خدمات والے ادارے شامل ہیں، لیکن یہ انہیں تک محدود نہیں ہے۔
- ہنگامی طور پر کھانا فراہم کرنے والے، گشتی کھانا فروخت کرنے والے، شراب کی دکانیں، اور کسی خردہ یا تھوک فروش دکانوں کے باہر واقع کھانے کی خدمات والے اداروں سے تھیلے کی قیمت وصول کرنے کا تقاضہ نہیں ہے۔

سامان لے جانے والا تھیلا (کیری آؤٹ بیگ) کیا ہے؟

- زیر احاطہ اسٹور کے ذریعہ فراہم کردہ کوئی تھیلا جس کا استعمال گاہک کے ذریعہ سامان لے جانے کے لیے کیا جاتا ہو۔ اس میں پلاسٹک، کاغذ، اور کپڑے کے تھیلے شامل ہیں۔
- اس میں درج ذیل شامل نہیں ہیں:
  - بغیر دستی والے تھیلے جس کا استعمال گوشت، پولٹری، مچھلی، ڈیری، خشک سامان، یا دیگر ایسے غذائی آئٹمز دینے کے لیے کیا جاتا ہو جو پہلے سے پیک شدہ نہیں ہیں۔
  - فارمیسی کے ذریعہ نسخے کی دوائیں لے جانے کے لیے فراہم کردہ تھیلے۔
  - کپڑے کے تھیلے

کیا میں اپنے گاہکوں کو دوبارہ استعمال کے قابل سامان لے جانے والے تھیلے مفت فراہم کرسکتا ہوں؟

- ہاں، لیکن صرف درج ذیل وقفے میں:
  - 15 فروری - 30 اپریل، 2017
  - ہر سال 30-17 اپریل تک
- گاہکوں کو فراہم کردہ دوبارہ قابل استعمال سامان والے تھیلے لازمی طور پر کپڑے یا دیگر مشین سے دھوئے جاسکنے والے میٹریل سے بنے ہونے چاہئیں۔ گاہکوں کو فراہم کردہ دوبارہ قابل استعمال تھیلوں پر نمایاں طور پر "دوبارہ قابل استعمال" کا لیبل لگا ہونا چاہیے۔

کیا کوئی دیگر ایسے مواقع ہیں جب گاہکوں سے سامان لے جانے والے تھیلے کی قیمت نہ لی جائے؟

- SNAP یا WIC کا استعمال کرکے خریدی گئی اشیاء کو لے جانے میں استعمال کردہ سامان لے جانے والے تھیلوں کے لیے گاہکوں سے اس کی فیس وصول نہیں کی جانی چاہیے۔

سامان لے جانے والے تھیلوں سے متعلق دیگر ایسے کون سے ضابطے ہیں جن کی پابندی کرنا میرے بزنس کے لیے ضروری ہے؟

- زیر احاطہ اسٹورز کے ذریعہ فراہم کردہ پلاسٹک کے سامان لے جانے والے تھیلے:
  - اس پر "بایو ڈی گریڈیبل"، "ڈی گریڈیبل"، یا "ڈی کمپوزیبل" کا لیبل نہیں لگایا جاسکتا؛ اور
  - ان پر صرف ایسی صورت میں "کمپوسٹیبل" کا لیبل لگایا جانا چاہیے اگر وہ امریکن سوسائٹی فار ٹیسٹنگ میٹریلز کے معیارات کی تکمیل کرتے ہوں (ASTM D6400-12)۔
- زیر احاطہ اسٹورز کے ذریعہ فراہم کردہ سامان لے جانے والے کاغذی تھیلے لازمی طور پر کم از کم 40% بازاحیاء شدہ مادوں سے بنے ہوں —اور بازاحیاء شدہ مادے کی مقدار کا لیبل واضح طور پر لگا ہو۔
- یہ ضروری ہے کہ زیر احاطہ اسٹورز چیک آؤٹ رجسٹر کے پاس یا وہاں پر علامات آویزاں کرکے گاہکوں کو سامان لے جانے والے تھیلے کی فیس کے بارے میں بتائیں۔ (اگلے صفحہ پر نمونہ علامت دیکھیں۔)

پہلا باضابطہ نوٹس

NYC sanitation

مطلوبہ آویزاں علامت: سامان لے جانے والے تھیلے سے متعلق نیا قانون

سامان لے جانے والے تھیلے سے متعلق قانون کے تحت آنے والے سبھی اسٹورز کے لیے فروخت والی جگہ پر یا اس کے قریب ایسی علامت آویزاں کرنا ضروری ہے جس سے گاہکوں کو اسٹور کے ذریعہ فراہم کردہ فی سامان لے جانے والے تھیلے کے لیے وصول کی جانے والی فیس کی اطلاع دی جائے۔

ذیل میں ایک نمونہ علامت ہے جسے آویزاں کیا جاسکتا ہے۔ اگر آپ کا کاروبار خود اپنی علامت بناتا ہے تو، اس میں وہ متن موجود ہونی چاہیے جو مثال میں درج ہے اور یہ 5 انچ x 7 انچ سے چھوٹا نہیں ہونا چاہیے۔

نیویارک سٹی کے قانون کے مطابق، اس اسٹور کے ذریعہ گاہکوں کو فراہم کیے جانے والے سامان لے جانے والے تمام تھیلوں کے لیے، محدود استثناء کے ساتھ، فیس وصولی جائے گی جو پانچ سینٹس ($0.05) فی تھیلا سے کم نہیں ہے۔

خریدے ہوئے سامانوں کو لے جانے کے لیے گاہکوں کے ذریعہ اس اسٹور میں لائے گئے تھیلوں پر کوئی فیس عائد نہیں ہوگی۔

NYCsanitation

FIRST OFFICIAL NOTICE

REQUIRED SIGNAGE: New Carryout Bag Law

All stores covered by the Carryout Bag Law must post a sign near or at the point of sale notifying customers of the fee charged per carryout bag provided by the store. Below is a sample sign that may be posted. If your business creates its own sign, it must contain the text in the example and may not be smaller than 5" x 7".

Pursuant to New York City law, all carryout bags provided by this store to a customer, with limited exceptions, shall be subject to a fee of not less than five cents ($0.05) per bag.

Carryout bags brought by customers into this store to carry purchased goods from this store shall not be subject to a fee.